More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com



# کائنات

(الف) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔

**سوال نمبر ۱: کائنات کسے کہتے ہیں۔**

جواب: اللہ تعالیٰ نے زمین، سورج، چاند اور ستارے انسان کے فائدے کے لئے پیدا کئے ہیں۔ علاوہ ازیں دریا، سمندر، پہاڑ، ریگستان، چٹانیں، چرند پرند، پودے، جانور اور دیگر بیش بہا اشیاء تخلیق کی ہیں۔ ان تمام اشیاء کو کائنات کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر ۲: نظامِ شمسی کسے کہتے ہیں؟**

جواب: سورج کے نظام کو نظامِ شمسی کہتے ہیں۔

**سوال نمبر ۳: نظامِ شمسی میں کتنے ستارے ہیں؟**

جواب: نظامِ شمسی میں پلوٹو سیارے کو ملا کر کُل نو سیارے ہیں۔

**سوال نمبر ۴: زمین اور سورج کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟**

جواب: زمین اور سورج کے درمیان کا فاصلہ تقریباً 149.6 ملین کلومیٹر ہے۔ روشنی کو زمین تک پہنچنے میں پانچ سو سیکنڈ یا آٹھ منٹ بیس سیکنڈ لگتے ہیں۔

**سوال نمبر ۵: سورج سے ہمیں کیا کیا فائدے ہیں؟**

جواب: سورج زمین کو روزانہ توانائی کی ایک کثیر مقدار فراہم کر رہا ہے۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

تمام بحر، بحیرے اور سمندر اس توانائی کو جمع کر لیتے ہیں اور اس طرح زمین پر وہ درجہء حرارت برقرار رکھنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں- جس کی بدولت زمین پر مختلف اقوام و اقسام کی زندگی کا وجود ممکن ہے- پودے سورج کی روشنی استعمال کر کے غذا بناتے ہیں اور پھر یہ پودے دوسرے جانداروں کے لئے غذا مہیا کرتے ہیں- سورج کی توانائی سے زمین کے کرہء فضائی میں ہوائیں چلتی ہیں- ان ہواؤں کو استعمال کر کے طاقت و توانائی پیدا کی جا سکتی ہے- اگرچہ سورج کی روشنی ہمارے دنوں کو روشن رکھتی ہے- اور حیات کے لئے مطلوبہ توانائی مہیا کرتی ہے- لیکن سورج کی روشنی عوام کے لئے مضر بھی ہو سکتی ہے- انسان جلد سورج سے خارج ہونے والی بالا بنفشی شعاعوں کے لئے بہت حساس ہے-

**سوال نمبر ۶: جدید دور میں سورج سے کون سا نیا فائدہ اٹھایا جا رہا ہے؟**

**جواب:** جدید دور میں شمسی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرنے کے لئے سولر پینل ایجاد کر لئے گئے ہیں- ان سولر پینل کی مدد سے بجلی کو نہ صرف جمع کیا جاتا ہے بلکہ براہ راست بھی ان پینلز سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے- سولر پینلز سسٹم عصر حاضر کی جدید ترین ایجاد ہے-

**سوال نمبر ۷: چاند گرہن کیوں ہوتا ہے؟**

**جواب:** جب زمین، سورج اور چاند کے درمیان آجاتی ہے اور زمین کے سائے سے چاند چھپ جاتا ہے تو اسے "چاند گرہن" کہا جاتا ہے-

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

**سوال نمبر ۸: سورج گرہن کیسے ہوتا ہے؟**

**جواب:** جب زمین اور سورج کے درمیان چاند آجاتا ہے تو سورج گرہن لگتا ہے۔

**سوال نمبر ۹: زمین کی محوی گردش کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** زمین اپنے محور کے گرد گردش کرتی ہے اور تقریباً ۲۴ گھنٹوں میں اپنا ایک چکر مکمل کرتی ہے۔ اس محوری حرکت کی وجہ سے ہی دن اور رات بنتے ہیں۔

**سوال نمبر ۱۰: "لیپ سال" کس سال کو کہتے ہیں؟**

**جواب:** ہم ایک سال کو ۳۶۵ دنوں کا لیتے ہیں جبکہ یہ ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور ۴۹ سیکنڈ کا ہوتا ہے۔ یعنی کہ ہم سال کا شمار کرتے وقت چھ گھنٹے نظر انداز کردیتے ہیں۔ لیکن ہر چار سال بعد سال میں ایک دن کا اضافہ کیا جاتا ہے اور اس طرح فروری کا مہینہ ۲۸ دن کی بجائے ۲۹ دن کا ہوجاتا ہے۔ اسے "لیپ کا سال" کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر ۱۱: شمسی داغوں سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** بڑے سیاہ داغ جو اکثر و بیشتر سورج کی فضاء میں نظر آتے ہیں، شمسی داغ کہلاتے ہیں۔ زیادہ بڑے سیاہ داغ جسامت میں کرہء ارض سے بھی بڑے ہوتے ہیں جنہیں عام دوربین سے بہ آسانی دیکھا جاسکتا ہے۔

**سوال نمبر ۱۲: نظامِ شمسی میں شامل سیاروں کے نام بتایئے؟**

**جواب:** نظامِ شمسی میں موجود نو سیاروں کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

1) عطارد (Mercury)
2) زہرہ (Venus)
3) زمین (Earth)
4) مریخ (Mars)
5) مشتری (Jupiter)
6) زحل (Saturan)
7) یورینس (Uranus)
8) نیپ چون (Neptune)
9) پلوٹو (Pluto)

**سوال نمبر ۱۳: نظامِ شمسی میں موجود سب سے چھوٹے سیارے کا نام بتایئے؟**

**جواب:** نظامِ شمسی میں موجود سب سے چھوٹے سیارے کا نام "پلوٹو" ہے اور اسے چھوٹا ہونے کی وجہ سے سائنسدان اسے نظامِ شمسی میں شمار نہیں کرتے۔

**سوال نمبر ۱۴: نظامِ شمسی میں موجود سب سے بڑے سیارے کا نام بتایئے؟**

**جواب:** نظامِ شمسی میں موجود سب سے بڑے سیارے کا نام "سورج" ہے۔ اور سائنس دانوں کے مطابق سورج آگ کا ایک بہت بڑا گولہ ہے۔ جبکہ دوسری جانب اسے دو گیسوں ہائیڈروجن اور ہیلئم کا مجموعہ بھی قرار دیا جاتا ہے۔

**سوال نمبر ۱۵: چاند کا قریبی سیارہ کون سا ہے؟**

**جواب:** چاند کا قریبی سیارہ "مریخ" ہے۔

**سوال نمبر ۱۶: نظامِ شمسی میں وہ کون سا سیارہ ہے جس پر حیات موجود ہے؟**

**جواب:** نظامِ شمسی میں زمین وہ واحد سیارہ ہے جس پر حیات اور پانی دونوں موجود ہیں۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

**سوال نمبر ۱۷: سیارہ مریخ کے بارے میں کیا کہا جاتا ہے؟**

**جواب:** سیارہ مریخ کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ کسی وقت مریخ کی سطح پر پانی موجود تھا لیکن اب کاربن ڈائی آکسائیڈ پر مشتمل اس کی فضاء اس قدر باریک ہے کہ یہ سیارہ خشک اور سرد ہو گیا ہے۔ قطبین پر برف اور ٹھوس کاربن ڈائی آکسائیڈ (خشک برف) کے آثار نظر آتے ہیں۔

**(ب) قوسین میں دیئے گئے الفاظ سے جملے مکمل کیجئے۔**

1. زمین جس نظام کا حصہ ہے اسے شمسی نظام کہتے ہیں۔ (قمر، قدرت، شمسی)
2. نظامِ شمسی کا مرکز سورج ہے۔ (سورج، چاند، زمین)
3. چاند زمین کا ذیلی سیارہ ہے۔ (چاند، عطارد، زہرہ)
4. زمین وہ سیارہ ہے جس پر حیات موجود ہے۔ (زمین، چاند، عطارد)
5. سورج سے زمین کا اوسطاً فاصلہ 149.6 کلو میٹر ہے۔ (150.6،149.6،148.6)
6. سورج کو عربی زبان میں شمس کہا جاتا ہے۔ (عربی، فارسی، سنسکرت)
7. نظامِ شمسی میں نو سیارے ہیں۔ (نو، دس، گیارہ)
8. زمین کا کُل قطر 12,740 کلو میٹر ہے۔ (14,740،13,740،12,740)
9. زمین کا سورج کے گرد ایک چکر 365.25 دن میں مکمل ہوتا ہے۔ (367.25،366.25،365.25)

=========

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com




Perfect24u.com